دیارِ دوست پر

(عربی تاثرات)

از ڈاکٹر سید محمد یوسف ایم۔ اے پی۔ ایچ ڈی۔ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

یہ دیارِ دوست کے مٹتے ہوئے آثار ہیں ۔۔۔ دیکھکر جن کو مری آنکھیں یوں گریہ بار ہیں
یاد اس محبوب کی ہے دفن ان کھنڈرات میں ۔۔۔ دل جگر جس کی جدائی میں مرے گلزار ہیں
آہ! یہ کیا کر دیا اے گردشِ شام و سحر ۔۔۔ سچ ہے بیشک تیرے ہاتھوں یاں سبھی لاچار ہیں
آہ تونے کیوں مٹا ڈالا اس عشرت گاہ کو ۔۔۔ اب نہ وہ ہنگامے باقی ہیں نہ وہ گھر بار ہیں
غم سے آتا ہے کلیجہ منہ کو جب کرتا ہوں یاد ۔۔۔ ایک دن عشرت کدہ تھا اب جو بے دیوار ہیں

غزل

از جناب باقر رضوی

بیداد و جورِ حسن کا شکوہ نہ کیجئے ۔۔۔ اپنے مذاقِ درد کو رسوا نہ کیجئے
ناوک فگن کی نیم نگاہی کا واسطہ ۔۔۔ بے چینی و خلش کا مداوا نہ کیجئے
آنکھوں میں آ کے قلب مرا خوں ہو نہ جائے ۔۔۔ عارض کو آنسوؤں سے بھگویا نہ کیجئے
حاصل نہ ہوگا کچھ بھی بجز یاس و بے دلی ۔۔۔ دنیا کی بات بات میں الجھا نہ کیجئے
ہو جائے الجھنوں سے نہ عادت گریز کی ۔۔۔ عالم کوئی خیال سے پیدا نہ کیجئے
یہ ہے غنیمِ خواب و خور و دشمنِ طرب ۔۔۔ کم بخت دل کے ناز اٹھایا نہ کیجئے
ٹوٹے نہ دلفریبیٔ حسنِ جہاں فروز ۔۔۔ ہر چیز کو قریب سے دیکھا نہ کیجئے
بے رنگیٔ حیات و غمِ دہر کی قسم ۔۔۔ رنگینیٔ بہشت گوارا نہ کیجئے